● پاکستان کی ایک ٹیم نے پوری دنیا کی ٹیموں کو شکست دے کر عالمی کپ جیتا اور پاکستان ہی کی دوسری ٹیم آج صرف ایک ہی ملک کے ہاتھوں شکست سے دوچار ہوئی ہے — ؟

اس کی وجہ یہی ہے کہ ہم شرک جیسی لعنت میں بری طرح گرفتار ہیں، قرآنِ مجید میں واضح طور پر موجود ہے:
"سَنُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَا أَشْرَكُوا بِاللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا"

کہ "جلد ہی ہم کفار کے دلوں میں رعب ڈال دیں گے اس سبب سے کہ انہوں نے اللہ کے ساتھ شرک کیا جس کی کوئی دلیل نہیں اتاری گئی!" — ان شکستوں، محرومیوں اور ناکامیوں کا باعث بھی مرعوبیت، یہی جرم عظیم ہے!

— اور صرف شرک ہی نہیں، ہم اپنی اور بھی بہت سی بداعمالیوں کا شکار ہیں — چوری، ڈاکہ، زنا، اغوا، قتل و غارت، غنڈہ گردی، بےحیائی، ملاوٹ، رشوت، خیانت، ذخیرہ اندوزی، سمگلنگ، جھوٹ، شراب نوشی، عیاشی، مساجد سے دوری اور سینما کی قربت، آخر وہ کون سی برائی ہے جو ہم میں موجود نہیں؟ — تو پھر کیا ان کے اثراتِ بد سے ہم محفوظ رہیں گے؟ — ہرگز نہیں!

ہاں، اے اللہ کے بندو، اگر تم خلوصِ دل سے اللہ رب العزت سے اپنے گناہوں کی معافی مانگو، آج ہی سے اس کی نافرمانی کو ترک کرنے اور اس سے وفاداری کی استواری کا عزم صمیم کر لو تو رسوائیوں اور تباہیوں کے یہ مہیب بادل رحمت کی گھٹاؤں میں ضرور تبدیل ہو جائیں گے — اگر تم فکرِ آخرت کو اپنے اذہان و قلوب کو جگہ دے سکو اور اس سے قبل کہ ملک الموت اجل کا پیغام لے کر تمہارے پاس آئے، تم اپنے رب کے حضور حاضری کے لئے کچھ سامان فراہم کر سکو تو وہاں بھی تم ارحم الراحمین کی رحمت کا دروازہ اپنے لئے بند نہیں پاؤ گے — افلا تشعرون — تو پھر تم سمجھتے کیوں نہیں؟ — افلا تعقلون — پھر تم کیوں عقل سے کام نہیں لیتے؟

(اکرام اللہ ساجد)

گزشتہ چند دنوں میں تین بڑے سانحے گزرے:

● پروفیسر عبدالحمید صدیقی اس دنیا سے رخصت ہوئے اور علم و فضل کی دنیا میں تاریکی اور بڑھی!

● جمعرات ۱۱ رمئی کو مولانا ماہر القادری مدیر "فاران" رحلت فرما گئے — بیت اللہ میں انکی نماز جنازہ ہوئی اور جنت المعلیٰ میں تدفین!

● اور ۲۶ رمئی بروز جمعۃ المبارک بوقت نماز فجر، اہلحدیث کے ممتاز عالم دین، دارالحدیث محمدیہ کوٹ ادھاکشن کے بانی و مہتمم حضرت مولانا عبدالقدوس گوڑ گانوی بعمر ۷۰ برس انتقال فرما گئے — انا للہ وانا الیہ راجعون!

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ، اسلام کے ان نامور فرزندوں کو اعلیٰ علیین میں جگہ دے کر جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے آمین! (ا۔ا۔ا)